गुमनाम

گمنام

اداکاران

شوخ - مندا

بیراں - محمود - ہیلن

قیمت دس نئے پیسے

رتن اینڈ کو بکسیلرز دریبہ کلاں دہلی

گمنام فلم کے گانے

گانا نمبر ا
آئیگا کون یہاں کس کو صدائیں دیتا ہے دل
اپنا ہے کون یہاں
پیار کا دھوکا خواب سہانا دیکھا تھا جو کبھی
آج اسی کی یاد سے بیٹھی روتی ہے زندگی
دشمن ہے سارا جہاں
میرے دل کے اک کونے میں جلتا تھا جو دیا
جانے کیسی آندھی آئی اور وہ بجھ گیا
اب تو ہے صرف دھواں

گانا نمبر ۲:۔ جان پہچان ہو جینا آسان ہو
دل کو چرانے والے آنکھیں نہ چراؤ ۔ نام تو بتاؤ
آج کی یہ شام جواں یوں نہ چلی جائے
پھر سے نہ آئے گی کسی کے بلائے ۔ جان..
بولو یہ نہ بولو تم ہو گئے اشارے
سیدھی سیدھی چوٹ ہوئی دل بیں ہمارے
جان پہچان...
چپ چپ دیکھا دیکھی نظریں ملوانی
ذرا سی یہ بات بن جائے گی کہانی

گانا نمبر ۳:۔ پی کے ہم تو چلے آئے ہیں اس محفل میں
اِک نیا رنگ جما دیں گے ہم اس محفل میں
آج پی پی ہے جب ہی چہرے پہ نُور آیا ہے
ساقیا تیری قسم اب تو سرور آیا ہے
آگ سے آگ بجھا دیں گے ہم اِس محفل میں
اِک نیا رنگ......

اُلجھنیں اور بھی بڑھ جاتی ہیں گھبرانے سے
جُھک کے یہ بات کہی شیشے نے پیمانے سے
ہوش دُنیا کے اُڑا دیں گے ہم اس محفِل میں
تو بھی پی لے اسے گھبرا نہ صنم جینے سے
یہ شراب اچھی ہے اِنساں کا لہو پینے سے
دیپ بوتل کے جلا دیں گے ہم اِس محفل میں
اِک نیا رنگ......

گانا نمبر ۴:۔ گمنام ہے کوئی بدنام ہے کوئی
کِس کو خبر کون ہے وہ انجان ہے کوئی
کِس کو سمجھیں ہم اپنا
کل کا نام ہے اِک سپنا
آج اگر تم زندہ ہو تو کل کے لئے
کل کے لئے مالا جپنا
پل دو پل کی مستی ہے
بس دو دن کی بستی ہے

چین یہاں پر مہنگا ہے اور موت یہاں
موت یہاں پر سستی ہے
کون بڑا طوفانی ہے
موت کو خود حیرانی ہے
آئے سدا ویرانوں سے جو پیدا ہوا
پیدا ہوا وہ فانی ہے
گانا نمبر ۵:۔ ایک لڑکی ہے جس نے جینا مشکل کر دیا
وہ تمہیں ہو او نازنیں
وہ تمہیں ہو او مہ جبیں
ایک لڑکی ہے.....
ہر ادا جھوٹی قیامت ہے
خوبصورت بلا ہے آفت ہے
پاس رہ کر بھی دور رہتی ہو
دل کچلنا پرانی عادت ہے
ایک لڑکی ہے....
خود تو آنکھوں سے قتل کرتی ہو
اپنا الزام ہم پہ دھرتی ہو
ساری دنیا کو مار ڈالا ہے
بات پوچھو تو بس مکرتی ہو ۔ ایک لڑکی...
سانولا رنگ سب کو بھایا ہے
میرا دل بھی تمہی پہ آیا ہے

بیمار مرنا بھی کر دِیا مشکل
پیار کر کے مجھے ستایا ہے - ایک لڑکی...
گانا نمبر ۲ ہم کالے ہیں تو کیا ہوا دِل والے ہیں
ہم تیرے تیرے تیرے چاہنے والے ہیں
یہ گورے گالوں تن دانا - یہ ریشمی بالوں تن دانا
یہ شعلہ سا رو تن دانا
ہائے تیرے سوالوں تن دانا - ہم...
تم کدھر کو جاتی تن دانا
کیوں پاس نہ آتی تن دانا
جی مار یہ باتیں تن دانا
دِل توڑ یہ باتیں تن دانا
آنکھاں نارنگی کی پھانکاں
باتاں جیسی کہ سارنگی
چالاں جیسے مست شرابی
حالت رنگ برنگی
ہمیں مانا غریب ہیں تن دانا
صورت سے عجیب ہے تن دانا
پر پھر بھی نصیب ہے تن دانا
کہ تیرے قریب ہے تن دانا
گانا نمبر ۳ اِس دُنیا میں جینا ہے تو سُن لو میری بات
غم چھوڑ کے مناؤ رنگ رلی

اور مان لو جو کہے کٹی کیسی
جیا اس کا جینا ہے تو ہنستے گاتے جی لے
زلفوں کی گھنگھور گھٹائیں نین کے ساگر پی لے
جو کرنا آج ہی کر لے کل کو کس نے دیکھا
آج ہیں رنگین بہاریں ہے کے دن رنگیلے ۔ اس...
میں البیلی چنگاری ہوں ناچوں اور لہراؤں
دامن دامن پھول کھلاؤں اور خوشیاں برساؤں
دنیا والو تم کیا جانو من کی یہ باتیں
آؤ میری محفل میں تو یہ باتیں سمجھاؤں
جو بھی ہوگا ہم دیکھیں گے غم سے کیوں گھبرائیں
اس دنیا کے باغ میں لاکھوں پنچھی آئیں جائیں
عشق کے بندے عیش کرو تم چھوڑ دو یہ خاموشی
لوگ وہی ہیں تو زندہ دل ہیں کر بیٹھے جو چاہے
گانا نمبر ۹ ۔ جان چمن شعلہ بدن پہلو میں آجاؤ
او میرے دل میرے ہمدم باہوں میں آجاؤ
مدہوش ہے زندگی چاروں طرف بیخودی
بھا ہو مجھے میں گرا لہرائے دل کی لگی
پانی جو تم پہ گرا اک آگ تن میں لگی
تم کو خبر ہے صنم کہتے ہیں الفت اسے
بادل میں برسے نشہ بھیگی ہوئی ہے فضا
ٹھنڈی ہوا ہے چلے ۔ او...

تمام شد

عملیات تسخیر قلوب

اس کتاب میں بتائے ہوئے اصولوں پر عمل کر کے عورت و مرد کے دل کو مٹھی میں کرنا بالکل معمولی بات ہے۔ گرہستی زندگی کو پُر مسرت بنانا بالکل سہل ہوگا جو لوگ عورتوں کی زبان درازی سے تنگ آگئے ہوں وہ اس کتاب کو پڑھیں اور دیکھیں کہ ان کی روٹھی ہوئی بیویاں اور پیار نہ کرنے والے کس طرح خود بخود انکی طرف کھنچے چلے آتے ہیں۔

قیمت صرف ۔/۱/۳ معہ ڈاک خرچ

عملیات تسخیر محبوب عرف ہمدرد عشاق

اگر آپ کسی زہرہ جمال حسینہ کی زلف گرہ گیر میں اسیر ہو چکے ہیں۔ اور مطلب برآری کی کوئی صورت نظر نہیں آتی۔ خوشامد کرتے کرتے اور جھڑکیاں سہتے سہتے عاجز آگئے ہیں۔ تو آج ہی اس نادر روزگار کتاب کو منگوا کر اس میں درج کئے ہوئے اصولوں پر عمل کر کامیابی حاصل کر لیجئے۔

قیمت صرف ۔/۱/۵ معہ ڈاک خرچ

عملیات تسخیر عالم

اس سلسلے کی یہ وہ لاثانی کتاب ہے جس کی تعریف احاطہ تحریر میں نہیں آسکتی۔ ایک دو نہیں سینکڑوں عملیات ہیں۔ اور ایک سے ایک لاجواب اصل مصنف نے بیروں فقیروں اور باکمال عالموں کے صدری اور اسراری عملیات بلا تکلف اس کتاب میں درج کر دیئے ہیں۔

قیمت صرف ۔/۸/۳ معہ ڈاک خرچ

نق ایجنٹ گو یکجیلرز دریبہ کلاں دہلی